# طریقہ کار

## تصدیق اسناد جاری کردہ وفاق المدارس السّلفیہ پاکستان

**<u>پہلا مرحلہ</u>: دفتر وفاق المدارس السّلفیہ پاکستان سے تصدیق:**

وفاق المدارس السّلفیہ پاکستان کی سند عالمیہ کے حاملین اگر ہائر ایجوکیشن کمیشن اسلام آباد سے معادلہ کا سرٹیفکیٹ حاصل کرنا چاہیں تو ان کے لئے ضروری ہے کہ درج ذیل امور کا جائزہ لے لیں۔

1) امیدوار کے پاس وفاق المدارس السّلفیہ پاکستان سے جاری کردہ چاروں اسناد عالمیہ، عالیہ، ثانویہ خاصہ، ثانویہ عامہ اوران کے رزلٹ کارڈ ز موجود ہوں۔

2) تمام اسناد: ثانویہ عامہ، ثانویہ خاصہ، عالیہ اور عالمیہ کے درمیان کم از کم 2 سال کی مدت ہونی چاہئے۔

3) ہرایک سند اور رزلٹ کارڈ کی 2،2 فوٹو کاپیاں کروائیں۔

4) امیدوار اپنے ذاتی شناختی کارڈ کی ایک عدد فوٹو کاپی ساتھ لف کرے۔

5) پھر ہائر ایجوکیشن کمیشن اسلام آباد کا مجوزہ معادلہ فارم برائے دینی اسناد (ہائر ایجوکیشن کمیشن اسلام آباد یا وفاق المدارس السّلفیہ پاکستان) کی ویب سائٹ (www.wmsp.edu.pk/hec.gov.pk) سے ڈاؤن لوڈ کر کے مکمل پُر کرلیں۔

6) معادلہ فارم پُر کرنے کے بعد فارم اپنے مدرسہ/ جامعہ (جہاں سے فراغت حاصل کی ہے) سے تصدیق کروائیں۔

7) جب کاغذات مکمل ہو جائیں تو پھر اچھی طرح چیک کرلیں کہ تمام اسناد اور رزلٹ کارڈ پر نام، ولدیت اور تاریخ پیدائش، شناختی کارڈ کے مطابق ہے یا نہیں؟ اگر کسی جگہ کوئی بھی فرق ہو تو پہلے دفتر کے نمبر پر فون کر کے معلومات حاصل کریں اور تمام کاغذات درست کروائیں پھر تصدیق کا کام شروع کریں۔

8) فیس شیڈول:

**(01) <u>نارمل تصدیق اسناد</u>:** کی فیس بمع ڈاک خرچ (1600) روپے ہے۔ اس کا دورانیہ تقریباً ایک ماہ ہوتا ہے۔

**(02) <u>ارجنٹ تصدیق اسناد</u>:** کی فیس بمع ڈاک خرچ (2400) روپے ہے۔ اس کا دورانیہ (08) سے (10) دن ہوتا ہے۔

فیس پاکستان پوسٹ آفس سے بذریعہ منی آرڈر ارسال کریں اور منی آرڈر کی رسید اصل یا فوٹو کاپی کاغذات کے ساتھ لف کریں۔

**پوسٹل ایڈریس: حافظ محمد یونس**

**اسسٹنٹ کنٹرولر امتحانات دفتر وفاق المدارس السّلفیہ پاکستان**

جامعہ سلفیہ حاجی آباد شیخوپورہ روڈ فیصل آباد (041-8780274)

**<u>دوسرا مرحلہ: دفتر انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئرمین (IBCC) دفتر سے تصدیق:</u>**

**<u>IBCC</u> کے دفتر ارسال کرنے والے مطلوبہ کاغذات:**

(01) (IBCC) سے تصدیق اسناد کے لئے تصدیقی پورٹل (Portal) میں دفتر وفاق امیدوار کی تصدیقی معلومات اپلوڈ کرے گا۔ جس کے نتیجے میں امیدوار کے ای میل اکاؤنٹ پر ایک کوڈ موصول ہوگا۔ جس کے تحت امیدوار (IBCC) کی ویب سائٹ پر آن لائن اپلائی کرے گا۔

(02) امیدوار اپنے شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی (17) سکیل کے کسی بھی آفیسر سے تصدیق کروا کے ساتھ لف کرے۔

(03) تصدیق کا چالان فارم (IBCC) کی ویب سائٹ ibcc.edu.pk سے ڈاؤن لوڈ کریں متعلقہ بینک میں فیس جمع کروائیں اور بنک رسید کی کاپی ساتھ لف کریں۔

(04) (IBCC) کا تصدیق فارم (IBCC) کی ویب سائٹ سے آن لائن مکمل پُر کریں پھر ڈاؤن لوڈ کر کے ساتھ لف کریں۔

**نوٹ:۔ ڈیٹا فارم برائے (IBCC) وفاق المدارس السّلفیہ پاکستان کی ویب سائٹ سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔**

دفتر وفاق سے کام مکمل ہونے کے بعد عامہ اور خاصہ کی اسناد (IBCC) کے دفتر سے تصدیق کروائیں جس کا طریقہ درج ذیل ہے۔

1) سب سے پہلے دفتر انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئر مین (IBCC) کی ویب سائٹ (ibcc.edu.pk) پر جائیں۔ وہاں آپ کو دو آپشن ملیں گے۔

☆ BY-POST ... ☆ BY-HAND

(01) آپ خود (IBCC) کے دفتر جانا چاہتے ہیں تو (BY HAND) والے آپشن کو سلیکٹ کریں۔ آن لائن اپائنٹمنٹ لینے کے لئے اس لنک (httpps://attest.ibcc.edu.pk/?action=login) پر جا کر اپنا اکاؤنٹ بنائیں پھر (login) کر کے اپائنٹمنٹ لیں۔ آپ کو اپائنٹمنٹ کا جو وقت اور تاریخ دی جائے اس کے مطابق اپنے مطلوبہ کاغذات لے کر (IBCC) کے دفتر جائیں اور فیس بھی (IBCC) کے دفتر ہی جمع کروائیں۔

2) اگر آپ اپنا کام بذریعہ (TCS) کروانا چاہتے ہیں تو (BY POST) والے آپشن کو سلیکٹ کریں اور مطلوبہ کاغذات ارسال کریں جن کی تفصیل اوپر گزر چکی ہے۔

**(IBCC) لاہور اور اسلام آباد کا پوسٹل ایڈریس:**

☆ کوئین پلازہ 13-A ڈیورنڈ روڈ نزد شملہ پہاڑی لاہور 042-36293013

☆ پلاٹ نمبر 25 سٹریٹ نمبر 39 نزد فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ فاؤنڈیشن G10/4 اسلام آباد 051-111114

222(051-9235018/0519106361)

## تیسرا مرحلہ: ہائر ایجوکیشن کمیشن (H.E.C) اسلام آباد سے تصدیق:

جب آپ کو (IBCC) کے دفتر سے عامہ اور خاصہ کی اسناد تصدیق ہو کر مل جائیں تو پھر عامہ، خاصہ، عالیہ اور عالمیہ کی تمام اسناد اور بقیہ تمام کاغذات جو دفتر وفاق المدارس السلفیہ پاکستان سے ملے ہیں اور (H.E.C) کے چالان فارم کے ذریعہ فیس بینک میں جمع کروا کے بینک کی رسید اور درج ذیل کاغذات بذریعہ T.C.S---(H.E.C)) کے دفتر ارسال کریں۔

☆ اگر ہائر ایجوکیشن کمیشن اسلام آباد کے دفتر خود جانا ہو تو درج ذیل کاغذات مکمل کر کے ساتھ لے جائیں اور فیس (H.E.C) کے دفتر جمع کروائیں۔

## (H.E.C) دفتر ارسال کرنے والے مطلوبہ کاغذات:۔

☆ اصل اسناد عامہ، خاصہ، عالیہ اور عالمیہ

☆ اصل رزلٹ کارڈ عامہ، خاصہ، عالیہ اور عالمیہ

☆ دفتر وفاق المدارس السلفیہ پاکستان سے تصدیق شدہ اسناد اور رزلٹ کارڈ کی فوٹو کاپیاں

☆ امیدوار کے ذاتی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی

☆ (H.E.C) کا معادلہ فارم برائے دینی اسناد جو متعلقہ مدرسہ اور دفتر وفاق المدارس السلفیہ سے تصدیق شدہ ہو

☆ عالمیہ گزٹ کی کاپی

☆ وفاق المدارس السلفیہ پاکستان کا جاری کردہ تصدیق نامہ

یہ تمام کاغذات اور (H.E.C) کے چالان فارم کی بینک والی رسید لے کر تمام کاغذات بذریعہ T.C.S---(H.E.C) کے دفتر ارسال کریں۔

(H.E.C) ہائر ایجوکیشن کمیشن اسلام آباد کا پوسٹل ایڈریس:

## دفتر ہائر ایجوکیشن کمیشن (H.E.C):

اسسٹنٹ ڈائریکٹر دینی اسناد کیریڈیسٹیشن اینڈ اٹیسٹیشن ڈویژن ہائر ایجوکیشن کمیشن سیکٹر (H-9) اسلام آباد 913 400 90-051

051-90 400 920

مزید معلومات کے لئے دفتر وفاق المدارس السلفیہ کے درج ذیل نمبر پر رابطہ کریں۔ 274 80 87-041

**دفتری اوقات کار:** ہفتہ تا بدھ (08:00am سے 04:00pm) جمعرات (08:00am سے 11:00am) جمعۃ المبارک کو دفتر بند رہتا ہے۔

اللہ تعالیٰ آپ کا حامی و ناصر ہو (آمین)

# IBCC Student Data Form

Student Name:

Father's Name:

Date of Birth:(DD-MM-YYYY)

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | - | | | - | | | | |

Student CNIC #:

| | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | - | | | | | | | - | | |

Student Mobile #:

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | - | | | | | | | |

Student E-mail:

---------------------------------

Student's Signature:

---------------------

Date: (DD-MM-YYYY)

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | - | | | - | | | | |

نوٹ: یہ فارم انگلش میں پُر کرنا لازمی ہے۔